© rasailojaraid.com



**ہمارا دشمن کون؟** محمد انور قریشی۔ ناشر انجمن خدام اسلام پاکستان ٹاؤن شپ۔ لاہور ۲۔ قیمت درج نہیں

**صنم پتھر کے** پروفیسر کمال عثمانی۔ امیر حزب اللہ۔ توحید ریڈ اکیڈمی کراچی۔ ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت حزب اللہ (پتہ مذکور) مفت تقسیم۔ اس کتاب میں قبر پرستی اور متعلقہ مروجاتِ مشرکانہ کا مدلل بیان ہے۔

**اغلاط العوام فی احکام الاسلام** چوہدری محمد سرفراز خاں۔ موضع کالرہ گجرات کلاں۔ صفحات ۱۵۰ قیمت درج نہیں۔

**ماہنامہ الرائد** عربی رسالہ جو المرکز الاسلامی، مسجد بلال (آخن) اور اتحاد الطلبۃ فی اور پا کی طرف سے ماہانہ شائع ہوتا ہے۔ اچھے مقالات و مضامین کا مجموعہ ہے۔ افتتاحیہ کے علاوہ سوالات کے جوابات بھی شائع ہوتے ہیں۔ سالانہ چندہ یورپ اور المغرب (عربی) میں ۳۰ مارک ہے۔ فی پرچہ ۴ مارک۔

**سوئے منزل** مرتبہ: رضا فاروقی۔ پتہ محبوب سبحانی۔ الفریش۔ فسٹ ایڈ سنٹر ۲/ ۱۶۲۸ عزیز آباد۔ ڈھوک کھبا۔ راولپنڈی۔ صفحات ۶۴۔ قیمت ۲/- روپے

یہ دینی و اصلاحی مضامین کا مجموعہ ہے اور اس کا سلسلۂ اشاعت نمبر ۶ ہے۔ یعنی اس طرح کے مجموعے مسلسل شائع ہوتے ہیں۔ مجموعوں کا یہ سلسلہ ادارۂ تعلیماتِ اسلامیہ راولپنڈی کے زیر اہتمام چل رہا ہے۔

**یارانِ وطن** اسلام آباد سے نکلنے والا ماہنامہ۔ ایڈیٹر: ضیا اقبال شاہد۔ مجلسِ مشاورت: اشفاق احمد، ضیا جالندھری، فتح محمد ملک، پریشان خٹک، کشور ناہید، صلاح الدین محمد، غلام ربانی اگرو، عطا شاد، پاکستان میں فی پرچہ ۵/- روپے۔ سالانہ ۵۰/- روپے۔

اس پرچے کا مقصد بیرونِ ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کے ساتھ ثقافتی رابطہ قائم رکھنا ہے۔ ان کے لیے کچھ معلوماتی مواد بھی چھپتا ہے۔ پرچے میں ادب بہت ہے اور ثقافت اور "بھی بہت" - گانے بجانے مفتر کرنے کے فنونِ لطیفہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ رنگوں اور ڈیزائننگ کا زور ہے۔ ان وجوہ سے عام ذہن کے لیے پرچہ بڑا پرکشش ہے۔ غالباً سرکاری اہتمام سے شائع ہوتا ہے۔

**مجلۃ العلماء** ماہانہ رسالہ زیر نگرانی مولینا گلزار احمد مظاہری، صدر علماء اکیڈیمی، منصورہ ملتان روڈ، لاہور۔ صفحات: ۴۸۔ قیمت فی شمارہ ۵/- روپے۔ اچھے طباعتی معیار کے اس رسالہ میں دینی و اخلاقی افادیت کے مضامین جمع ہیں۔

© rasailojaraid.com